سوال

نماز میں قرأت

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا یہ جائز ہے کہ نمازی کی ایک رکعت میں ایک سورۃ کی کچھ آیات کی تلاوت کی جائے اور دوسری رکعت میں دوسری سورت کی یا پہلی رکعت میں کسی طویل سورت کی چند آیات پڑھ لی جائے اور دوسری رکعت میں چھوٹی سورتوں میں سے کوئی سورت پڑھ لی جائے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

یہ مستحب ہے کہ ایک رکعت میں ایک مکمل سورت پڑھی جائے اور دوسری رکعت میں بھی پہلی سے چھوٹی سورت پڑھی جائے خواہ وہ اس سے متصل بعد والی نہ بھی ہو لیکن یہ بھی جائز ہے کہ ایک سورت کو آپ رکعتوں میں تقسیم کر کے پڑھ لیں اسی طرح یہ بھی جائز ہے کہ آپ کسی سورت کی ابتدائی یا آخری یا درمیان کیآیات پڑھ لیں جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ۔

فَاقرَءوا ما تَيَسَّرَ مِنَ القُرءانِ ٢٠ ... سورة المزمل

جتنا آسانی سے ہوسکے (اتنا) قرآن پڑھ لیا کرو ۔"

کے عموم سے یہ ثابت ہے "اگرچہ یہ خلاف افضل ہے ۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

ج1ص371